2012.5.30

（ウルドゥー語） اردو

# جاپان میں مقیم سب غیر ملکی افراد کے لیے

9 جولائی 2012ء سے آغاز

جاپان میں نیئے آبادکاری نظام کے تعارف کے بعد "ریذیڈنٹ کارڈ (Resident Card)" جاری کیا جائے گا۔ غیر ملکی افراد کی رجسٹریشن کا نظام منسوخ ہو گا۔

## "ریذیڈنٹ کارڈ" کی اشاعت

- یہ کارڈ کن افراد کے لیے ہے؟: یہ کارڈ اُنھیں جاری کیا جائے گا، جن کو 3 مہینے سے زائد مدت جاپان میں قیام کی اجازت مل گئی ہے۔
  - "مختصر قیام" کی اجازت حاصل شدگان، "سفارتی" یا "سرکاری" حیثیت پر جاپان آنے والوں کو یہ کارڈ جاری نہیں ہو گا۔
  - خاص مستقل باشندگان کے لیے "ریذیڈنٹ کارڈ" نہیں، "خاص مستقل باشندے کا سرٹیفیکیٹ" جاری ہو گا۔
- کارڈ میں معلومات: چہرے کی تصویر کے علاوہ نام، قومیت / علاقہ، تاریخِ پیدائش، جنس، قیام کی حیثیت، مدتِ قیام اور آیا ملازمت کی اجازت ہے وغیرہ کی معلومات درج ہوں گی۔
- کارڈ کی جائز مدت:

| | 16 یا 16 سے زیادہ عمر | 16 سے کم عمر |
|---|---|---|
| مستقل باشندگان | تاریخِ اشاعت سے سات سال | تاریخِ پیدائش سے 16 سال مکمل ہونے تک |
| دیگر تمام غیر مستقل باشندے | مدتِ قیام کی آخری تاریخ تک | تاریخِ پیدائش سے 16 سال مکمل ہونے یا مدتِ قیام کی آخری تاریخ میں سے اس تاریخ تک، جو پہلے آئے گی۔ |

- کارڈ کی جائے اشاعت:
  - علاقائی دفترِ آبادکاری: ناریتا (Narita)، ہانیدا (Haneda)، چوبو (Chubu) اور کانسائی (Kansai) کے ہوائی اڈوں پر 9 جولائی 2012ء کے بعد پہنچنے والے درمیانہ اور طویل مدت کے قیام کی اجازت یافتہ غیر ملکیوں ہی کو یہ ریذیڈنٹ کارڈ جاری کیا جائے گا۔ اور دوسری جگہ (ہوائی اڈے یا بندرگاہ وغیرہ) پر پہنچنے والوں کو یہ کارڈ رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے اس کی رہائشی پتے پر بھجوایا جائے گا۔ مزید تفصیلات کے لیے علاقائی دفترِ آبادکاری، ضلعی دفتر یا اس کی شاخوں سے معلوم کریں۔
- کس تاریخ تک فارنرز رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ (Alien Card) کو ریذیڈنٹ کارڈ میں تبدیل کروانا چاہیے:
  - فارنرز رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ تب تک جائز ہو گا، جب تک ریذیڈنٹ کارڈ آپ کو جاری نہیں کیا جائے گا، اِس لیے آپ کو رہائشی پتے کی رجسٹریشن یا دفترِ آبادکاری کے انتظام کے لیے جلد ریذیڈنٹ کارڈ میں تبدیل کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔
  - علاقائی دفترِ آبادکاری میں مدتِ قیام میں توسیع کی اجازت وغیرہ ملنے پر نیا ریذیڈنٹ کارڈ جاری کیا جائے گا۔
  - 16 یا اس سے زیادہ عمر مستقل باشندگان کو 8 جولائی 2015ء تک* اور 16 سے کم عمر مستقل باشندگان کو 8 جولائی 2015ء یا تاریخِ پیدائش سے 16 سال مکمل ہونے تک، جو پہلے آئے گی، ریذیڈنٹ کارڈ حاصل کرنا چاہیے۔

  * "4 سال" یا "5 سال" کی اجازت یافتہ "مخصوص سرگرمیوں (Designated Activities)" کی حیثیت حاصل شدگان کو بھی 8 جولائی 2015ء تک ریذیڈنٹ کارڈ حاصل کرنا چاہیے۔
- نیئے نظام سے کیا سہولت ملے گی؟
  - اپنا پاسپورٹ اور ریذیڈنٹ کارڈ ساتھ لے کر جاپان سے باہر جانے پر 1 سال کے اندر اور قیام کی جائز مدت کے اندر دوبارہ جاپان آنے کی صورت میں* اصولی طور پر دوبارہ آنے کی اجازت (Re-entry Permit) حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسے "دوبارہ آنے کی خاص اجازت (Special Re-entry Permit) کا نظام" کہتے ہیں۔ خیال رکھنا چاہیے کہ جائز مدت کے اندر دوبارہ نہ آپانے پر قیام کی اجازت منسوخ ہو جائے گی، اور جائز مدت میں توسیع سمندر پار غیر ممالک میں نہیں کی جا سکتی۔

* خاص مستقل باشندہ ہونے کی صورت میں 2 سال کے اندر دوبارہ جاپان آسکتے ہیں۔

## رہائشی سرٹیفیکیٹ

اُن غیر ملکی افراد کو، جنھیں ریذیڈنٹ کارڈ یا خاص مستقل باشندے کا سرٹیفیکیٹ مل جاتا ہے، اُس جگہ کی، جہاں وہ قیام پذیر ہے، رہائشی سرٹیفیکیٹ تیار کیا جائے گا۔

- سرٹیفیکیٹ میں درج معلومات:

غیر ملکی باشندے کے رہائشی سرٹیفیکیٹ میں اُس کا نام، تاریخ پیدائش، جنس، رہائشی پتے کے علاوہ غیر ملکی ہونے پر اُس کی قومیت، قیام کی حیثیت، مدتِ قیام وغیرہ بھی درج ہوں گی۔

- رہائشی سرٹیفیکیٹ کی نقل کی اشاعت:

جاپانی باشندے کی طرح غیر ملکی باشندے کو بھی ہر بلدیہ (سٹی آفس) کے کاونٹر پر رہائشی سرٹیفیکیٹ (یا اُس سرٹیفیکیٹ پر درج شقوں کے سرٹیفیکیٹ) کی نقل جاری کی جائے گی۔

* آبادکاری کے بنیادی رجسٹریشن کے نظام کی تفصیلات کے لیے درج ذیل "غیر ملکی افراد کے لیے آبادکاری کے بنیادی رجسٹریشن کے نظام کے بارے میں" (وزارتِ اندرونی امور و مراسلات) کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیے۔

http://www.soumu.go.jp/main_sosiki/jichi_gyousei/c-gyousei/zairyu.html

درج ذیل مواقع پر اطلاع یا درخواست دینے کی ضرورت ہے۔

| درج ذیل اطلاع اور درخواست دینے کی صورت میں | کہاں جانا ہے |
|---|---|
| 1) نیا پتہ مقرر ہونے، یا دوسرے پتے سے نئے پتے پر منتقل ہونے کی صورت میں:<br>نئے پتے پر آنے کی اطلاع *، پتہ بدلنے کی اطلاع *، پرانے پتے سے جانے کی اطلاع **<br>*ریذیڈنٹ کارڈ، خاص اجازت برائے مستقل باشندہ (یا فارنرز رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ) میں سے ایک اپنے ساتھ لائیے۔<br>**کسی دوسری بلدیہ کے احاطے میں منتقل ہونے کی صورت میں، پہلے پرانی بلدیہ میں پرانے پتے سے جانے کی اطلاع دینے کی ضرورت ہے۔ | بلدیہ (سٹی آفس) |
| 2) نام، قومیت وغیرہ بدلنے کی صورت میں: | علاقائی دفترِ آبادکاری |
| 3) ریذیڈنٹ کارڈ گم ہونے یا اس پر نقصان پہنچنے کی صورت میں: | |
| 4) مستقل باشندگان یا 16 سے کم عمر افراد<br>• ریذڈنٹ کارڈ کی جائز مدت پوری ہونے کی صورت میں | |
| 5) ملازم (مستثنیات بھی ہیں)، طالبِ علم اور تربیت حاصل کنندہ<br>• جائے ملازمت، تعلیمی ادارہ وغیرہ کے نام میں تبدیلی، پتے میں تبدیلی، کمپنی کے دیوالیہ، ملازمت کے معاہدے کے خاتمہ، نئی ملازمت ملنے وغیرہ سمیت جاپان میں قیام کی حیثیت میں تبدیلی کی صورت میں | علاقائی دفترِ آبادکاری پر خود اطلاع نامہ لانا، یا ڈاک سے ٹوکیو کے علاقائی دفترِ آبادکاری پر اطلاع نامہ بھجوانا |
| 6) شریکِ حیات کی حیثیت سے "خاندانی قیام"، "مخصوص سرگرمی (ج)"، "جاپانی کے شریکِ حیات" اور "مستقل باشندہ کے شریکِ حیات" کی حیثیت رکھنے والا<br>• اس شریکِ حیات سے طلاق ہونے یا اس کے انتقال ہونے کی صورت میں | |

**غیر ملکی زبانوں میں رابطہ کے لیے:** مزید تفصیلات کے لیے درج ذیل نمبر یا پتے سے معلوم کریں۔

| | |
|---|---|
| > غیر ملکیوں کے لیے انفارمیشن سینٹر برائے آبادکاری<br>پیر تا جمعہ: صبح ساڑھے 8 بجے سے شام سوا 5 بجے تک<br>ٹیلی فون: 0570-013904 (IP فون، PHS، یا جاپان کے باہر سے | درج ذیل زبانیں دستیاب ہیں۔<br>انگریزی، چینی، کوریائی اسپائنی اور پرتگالی زبانیں |

| | |
|---|---|
| (03-5796-7112 | |
| > دفاتر برائے امداد اور صلاح و مشورہ<br>پیر تا جمعہ : صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک<br>امدادی دفتر برائے غیر ملکی باشندگان (شینجوکو): 03-3202-5535<br>امدادی دفتر برائے غیر ملکی باشندگان سائیتاما: 048-833-3296<br>غیر ملکی باشندگان کے امداد کے لیے ہاماماتسو کا دفتر: 053-458-1510<br>ویب سائٹ: http://www.immi-moj.go.jp/info/index.html | ٹیلی فون پر یا کاؤنٹر پر معلومات حاصل کرنے کے لیے جاپانی کے علاوہ درج ذیل زبانیں دستیاب ہیں۔ چونکہ ہر دن الگ زبانیں دستیاب ہیں، اس لیے آپ سے گزارش ہے کہ پہلے ویب سائٹ پر معلوم کیجیے۔<br>شینجوکو (Shinjuku): انگریزی، چینی، اسپانی، پرتگالی، بنگالی، ویت نامی، انڈونیشی<br>سائیتاما (Saitama): انگریزی، پرتگالی، اسپائنی، چینی، کوریائی، فلپائنی، تھائی، ویت نامی<br>ہاماماتسو (Hamamatsu): انگریزی، پرتگالی، اسپائنی، چینی، فلپائنی |

**دفتر آبادکاری، وزارتِ انصاف** (نئے نظامِ آبادکاری کے بارے میں) http://www.immi-moj.go.jp/newimmiact_1/index.html

*انگریزی، چینی (سلیس اور روایتی)، کوریائی، اسپائنی اور پرتگالی زبانوں میں تشریحات ملتی ہیں۔

ترجمہ : جامعہ ٹوکیو برائے مطالعاتِ خارجی